نبی ﷺ نے وضو کیا اور اپنی پیشانی، عمامہ اور دونوں موزوں پر مسح فرمایا

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے وضو کیا اور اپنی پیشانی، عمامہ اور دونوں موزوں پر مسح فرمایا

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بتا رہے ہیں کہ نبی ﷺ نے اپنی پیشانی کے بالوں پر مسح فرمایا''ناصية'' سر کے بالوں کے اگلے حصے کو کہتے ہیں پھر آپ ﷺ نے عمامہ پر مسح کو پورا کیا آپ ﷺ نے سر کے کچھ حصے پر مسح کرنے پر اکتفا نہ کیا بلکہ عمامہ پر مسح کر کے اسے مکمل کیا موزوں پر مسح کرنا بھی آپ ﷺ کی سنت ہے جیسا کہ اس حدیث اور دیگر احادیث سے معلوم ہوتا ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/8382